Connecticut Birth to Three System

IDEA حصہ سی کے تحت والدین کے حقوق

نشونما میں تاخیر یا معذوریوں میں مبتلا شیر خوار بچوں اور گھٹنوں کے بل چلنے والے بچوں کی فیملیز کے لئے

جنوری 2022

قانون کیا کہتا ہے

جب فیملی میں کسی بچے کی خصوصی ضروریات ہوتی ہیں تو زندگی توقع سے زیادہ پیچیدہ ہو سکتی ہے۔

بچے کی نشونما کے لئے اس کی فیملی سے زیادہ اہم کردار کسی اور کا نہیں۔ اس لئے ضروری ہے کہ والد/والدہ وفاقی قانون کے تحت اپنے حقوق سے آگاہ رہتے ہوئے فیصلے کریں۔

یہ کتابچہ تحریر کرنے کا مقصد اس ہدف کے حصول میں معاونت تھا۔

IDEA) Individuals with Disabilities Education Act، معذور افراد کی تعلیم کا قانون) ایک وفاقی قانون ہے جو معذوریوں یا نشونما کی تاخیر میں مبتلا بچوں کے لئے خصوصی تعلیم کی ضابطہ کاری کرتا ہے۔ اس قانون کے حصہ سی میں شیر خوار بچوں اور گھٹنوں کے بل چلنے والے بچوں کی فیملیز کے لئے معاونت کا احاطہ کیا گیا ہے اور
طریقہ کار کے حفاظتی اقدامات نامی مخصوص حقوق کی ضمانت دی گئی ہے۔
IDEA کے تحت فیملیز کے حقوق 211 بچوں کی نشونما میں Birth to Three System (پیدائش سے تین نظام) کے حوالے سے شروع ہوتے ہیں۔ Birth to Three نسل، ثقافت، مذہب،
آمدن کی سطح یا معذوری کی بنیاد پر امتیاز نہیں برتتا۔

اگر آپ IDEA کی مکمل نقل حاصل کرنا چاہتے ہیں تو **Birth23.org** ملاحظہ کریں اور About Us (ہمارے بارے میں) پر اور پھر Related Laws and Regulations (متعلقہ قوانین و ضوابط) پر کلک کریں یا پرنٹ شدہ نقل کے حصول کے لئے ہمیں **860-500-4400** پر کال کریں۔

IDEA ہر والد/والدہ کو درج ذیل تحفظ فراہم کرتا ہے:

1. باخبر تحریری رضامندی دینے کا حق:

ضروری ہے کہ بچے کا تجزیہ کیے جانے سے قبل، سروسز کے آغاز یا ان میں تبدیلی سے قبل اور بچے یا فیملی کے متعلق معلومات کے کسی اور سے اشتراک سے قبل والد/والدہ تحریری اجازت دیں۔ والدین سے فیصلے کرنے یا تحریری اجازت دینے کی درخواست کرنے سے قبل انہیں پروگرام کے بارے میں مکمل معلومات اور وضاحت فراہم کی جاتی ہے۔ تحریری اجازت کو کسی بھی وقت تحریری طور پر واپس لیا جا سکتا ہے۔

2. تحریری اطلاع وصول کرنے کا حق:

ضروری ہے کہ کسی بھی تجزیے یا امتحان سے قبل والد/والدہ اپنے پروگرام سے تحریری نوٹس وصول کریں۔ اس کے علاوہ ضروری ہے کہ درج ذیل کے متعلق کوئی بھی فیصلے کیے جانے سے قبل مناسب وقت کے دوران تحریری نوٹس فراہم کیا جائے:

- اہلیت
- Individualized Family Service Plan (IFSP، انفرادی فیملی سروس پلان) میٹنگز
- خدمات کا آغاز یا تبدیلی
- خدمات سے انکار
- Birth to Three سے اخراج

3. مشترکہ IFSP یا انفرادی فیملی سروس پلان کا حق

ایک ٹیم IFSP کہلایا جانے والا تحریری پلان تیار کرتی ہے جس میں فیملی اور ان کے بچے کے لئے ان کے نتائج ریکارڈ کیے جاتے ہیں۔ اس میں Birth to Three معاونتیں درج ہوتی ہیں جو ان نتائج کے حصول میں بہترین مدد کریں گی اور وضاحت کی جاتی ہے کہ Early Intervention Services (EIS، ابتدائی مداخلت کی خدمات) کب، کہاں اور کیسے دی جائیں گی۔ والد/والدہ IFSP کی چند خدمات کو مسترد کر سکتے ہیں اور اس سے وہ خدمات اثر انداز نہیں ہوں گی جن پر وہ متفق ہیں۔ والد/والدہ یا فیملی کے دیگر ارکان سروس کوآرڈینیٹر اور ٹیم کے دیگر ارکان کے ساتھ کام کرتے ہوئے IFSP بنا سکتے ہیں۔

والد/والدہ اپنی مرضی کے کسی بھی شخص، بشمول وکیل کو IFSP کی میٹنگز میں دعوت دے سکتے ہیں۔ کم از کم ہر چھ ماہ بعد یا درخواست کیے جانے پر اس سے قبل IFSP پر نظر ثانی کی جاتی ہے۔

چونکہ Early Intervention (ابتدائی مداخلت) اس بات پر مرکوز ہے کہ ملاقاتوں کے درمیان فیملیز کیا کرتی ہیں، ملاقاتوں اور IFSP میٹنگز کا وقت، تاریخ اور مقام طے کرنے میں والدین فعال طور پر شامل ہوتے ہیں۔

والد/والدہ کسی بھی وقت IFSP پر نظر ثانی کی درخواست کر سکتے ہیں، خواہ نظر ثانی کی میٹنگ کو زیادہ وقت نہ گزرا ہو۔

4. فطرتی ماحول میں خدمات وصول کرنے کا حق:

فطرتی ماحول سے مراد صرف وہ جگہیں نہیں جہاں بچے رہتے، سیکھتے اور کھیلتے ہیں۔ فطرتی ماحول سے مراد وہ تمام سرگرمیاں اور معمولات ہیں جو بچوں کے گھر اور کمیونٹی میں ان کی روزمرہ زندگی کا حصہ ہوتے ہیں۔ والدین اور ان کی ٹیم مل کر ایسی حکمت عملیاں تیار کرتے ہیں جو Early Intervention (EI، ابتدائی مداخلت) کی ملاقاتوں کے درمیان ان معمول کی سرگرمیوں کے حصے کے طور پر انجام دی جا سکیں۔ چھوٹی موٹی تبدیلیاں کرنے اور دن بھر کے دوران انہیں دہرانے سے بچوں کو نئی صلاحیتیں پیدا کرنے میں مدد ملتی ہے۔ جب فیملی کے فطرتی ماحول کے علاوہ کسی اور جگہ ملاقات کی جائے تو ضروری ہے کہ IFSP ٹیم منصوبے کی تحریری وضاحت مہیا کرے۔

5. **اخفاء کا حق:** ایسی کسی بھی معلومات تک رسائی جو بچے یا فیملی کے کسی رکن کی ذاتی شناخت کرے، Birth to Three کے منتخب شدہ عملے، یا ریاستی یا وفاقی محتسب یا توثیقی ایجنسیوں تک محدود ہے۔ بچے کے برقی یا تحریری ریکارڈز کی معلومات کا کسی اور سے اشتراک کیے جانے سے پہلے ضروری ہے کہ والد/والدہ تحریری رضامندی ظاہر کریں۔

6. ریکارڈز پر نظر ثانی اور تصحیح کا حق:

والد/والدہ کسی بھی وقت اپنے Birth to Three ریکارڈ کا جائزہ لینے یا نظر ثانی کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ درخواست پوری کرنے کے لئے پروگرام کے پاس 10 دن کا وقت ہوتا ہے۔ فائل پر نظر ثانی کرنے کے بعد اگر والد/والدہ سمجھیں کہ کوئی چیز غلط ہے تو وہ تبدیلی کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں یا اگر ریکارڈ نامکمل ہو تو معلومات شامل کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اگر پروگرام بچے کے ریکارڈز میں تبدیلی کی درخواست سے متفق نہ ہو تو والد/والدہ فیصلے کو چیلنج کرنے کے لئے
سماعت کی درخواست کر سکتے ہیں۔ والد/والدہ اپنے بچے کے ریکارڈ کی ایک مفت نقل حاصل کر سکتے ہیں۔ پروگرام اضافی نقول کی قیمت وصول کر سکتے ہیں۔

7. تحریری شکایت دائر کرنے کا حق:

شکایت حل کرنے کا تیز ترین طریقہ فیملی کے سروس کوآرڈینیٹر، پروگرام ڈائریکٹر یا
Birth to Three کی سربراہی ایجنسی سے بات کرنا ہے۔ اگر والد/والدہ سمجھیں کہ ان کے حقوق کی خلاف ورزی کی گئی ہے یا قانون کی خلاف ورزی ہوئی ہے تو وہ Birth to Three سسٹم کی سربراہی ایجنسی کے طور پر ابتدائی بچپن کے دفتر (OEC) کے پاس دستخط شدہ تحریری شکایت دائر کر سکتے ہیں۔ شکایت **CTBirth23@ct.gov** پر ای میل کی جا سکتی ہے یا ذیل پر بذریعہ ڈاک بھیجی جا سکتی ہے:

Connecticut Birth to Three System
450 Columbus Blvd., Suite 205
Hartford, CT 06103

ضروری ہے کہ تحریری شکایت کی ایک نقل Birth to Three پروگرام کو بھی ارسال کی جائے۔ بہتر یہ ہے کہ والد/والدہ یہ نقل ارسال کریں لیکن ترجیح ہونے پر سربراہی ایجنسی مدد کر سکتی ہے۔

سربراہی ایجنسی تحریری شکایت کی تفتیش کرے گی اور شکایت موصول ہونے کے ساٹھ (60) دن کے اندر اندر تحریری جواب دے گی۔ عدم اتفاق حل کیے جانے کے دوران فیملی موجودہ IFSP میں درج کردہ EI معاونتوں کا حصول جاری رکھنے کا فیصلہ کر سکتی ہے، ماسوائے یہ کہ والد/والدہ اور ٹیم پلان تبدیل کرنے پر متفق ہوں۔

8. تنازعات حل کرنے کا عمل:

عدم اتفاق حل کرنے یا Birth to Three کو قانون کی ممکنہ خلاف ورزی کی اطلاع دینے کا ایک اور طریقہ ثالثی یا سماعت کی درخواست کرنا ہے۔ ثالثی کے ذریعے والد/والدہ یا پروگرام کا عملہ ایک غیر جانبدار، تربیت یافتہ ثالث کی موجودگی میں عدم اتفاق کی تفصیلات کے بارے میں بات کر سکتے ہیں۔ ثالث والد/والدہ اور پروگرام کے ساتھ کام کرتے ہوئے ایسا حل تلاش کرے گا جو دونوں کے لئے مناسب ہو اور معاہدے کی شقیں تحریر کرے گا۔ والد/والدہ عدالتی کاروائی کی سماعت کی درخواست کرنے کے لئے OEC سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ یہ ایک مزید رسمی عمل ہے جو غیر جانبدار سماعت کے افسر کے سامنے انجام پاتا ہے۔ عام طور پر والد/والدہ کی نمائندگی کرنے والا وکیل موجود ہو گا اور ایک اسسٹنٹ اٹارنی جنرل Birth to Three سسٹم کی نمائندگی کرے گا۔

Mediation in Early Intervention Services (ابتدائی مداخلت کی خدمات میں ثالثی) یا Due Process Hearings (عدالتی کاروائی کی سماعت) نامی ایک اور بروشر کی نقل درخواست پر دستیاب ہو گی۔ نقل کے حصول کے لئے بس **CTBirth23@ct.gov** پر ای میل کریں یا **860-500-4400** پر کال کریں۔

سوالات؟

والدین کے حقوق کے متعلق مزید معلومات کے لئے پہلے سروس کوآرڈینیٹر، ٹیم کے کسی فرد یا پروگرام کے سپروائزر یا ڈائریکٹر سے بات کریں۔ دیگر والدین سے بات کرنے کے لئے ذیل پر رابطہ کریں:

CONNECTICUT PARENT ADVOCACY CENTER

860-739-3089

338 Main Street
Niantic, CT 06357

CPACInc.org • cpac@cpacinc.org

والد/والدہ کسی بھی وقت (OEC) Office of Early Childhood سے Birth to Three کی سربراہی ایجنسی کے طور پر IDEA حصہ سی کے لئے رابطہ کر سکتے ہیں۔

CT OFFICE OF EARLY CHILDHOOD

860-500-4400

BIRTH TO THREE SYSTEM

450 Columbus Boulevard
Suite 205
Hartford, CT 06103

Birth23.org • CTBirth23@ct.gov

اس پراڈکٹ کو U.S. Department of Education (امریکی محکمۂ تعلیم) کی فراہم کردہ فنڈنگ کے ذریعے Individuals with Disabilities Education Act (معذور افراد کا تعلیمی قانون) کے تحت تیار کیا گیا۔

OEC